ٹاپ اینڈ ٹی ٹوئنٹی سیریز: پاکستان شاہینز نے میلبرن رینی گیڈز کو 8 رنز سے ہرا دیا۔

- 94 رنز کے دفاع میں بولرز کی شاندار کارکردگی، منہاس اور اسفند کی تین تین وکٹیں

ڈارون (آسٹریلیا) یکم اگست، 2023:

پاکستان شاہینز نے بولرز کی شاندار کارکردگی کی وجہ سے میلبرن رینی گیڈز کو ٹاپ اینڈ ٹی ٹوئنٹی سیریز میں صرف 8 رنز سے شکست دیدی۔

93 رنز کے کم اسکور پر آؤٹ ہونے کے باوجود پاکستانی بولرز نے زبردست بولنگ کرتے ہوئے میلبرن رینی گیڈز کو 85 رنز پر آؤٹ کر دیا۔

یہ اس ٹورنامنٹ میں پاکستان شاہینز کی دوسری جیت ہے۔ اس سے قبل اس نے اے سی ٹی کامیٹس کو 9 وکٹوں سے ہرایا تھا جبکہ این ٹی اسٹرائیک کے خلاف اسے 59 رنز سے شکست کا سامنا کرنا پڑا تھا۔

ڈارون میں کھیلے گئے میچ میں پاکستان شاہینز نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کی لیکن وہ 18 اعشاریہ 5 اوورز میں صرف 93 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔

پاکستان شاہینز کو اننگز کے پہلے ہی اوور میں شامل حسین کا نقصان اٹھانا پڑا جو 4 رنز بنا کر او نیل کی گیند پر بولڈ ہو گئے۔ اس کے بعد وکٹیں وقفے وقفے سے گرتی رہیں۔ محمد عرفان خان 2 اور کپتان روحیل نذیر 4 رنز بنا پائے۔

شاویز عرفان نے سب سے زیادہ 34 رنز بنائے جس میں ایک چوکا اور دو چھکے شامل تھے۔

باسط علی نے 13 رنز اسکور کیے یہی دونوں بیٹرز ڈبل فگرز میں داخل ہو سکے۔

رینی گیڈز کی طرف سے رووانتھا کیلا پوٹھا نے صرف 15 رنز دے کر 3 وکٹیں حاصل کیں۔ فرگوس او نیل اور ٹام راجرز نے دو دو وکٹیں حاصل کیں۔

پاکستانی بولرز کی شاندار کارکردگی کی وجہ سے رینی گیڈز 94 رنز کا ہدف بھی حاصل نہ کر سکی۔ جیک فریزر مک گرک اور میکنزی ہاروے کو عرفات منہاس نے آؤٹ کیا جس کے بعد علی اسفند نے ڈائلن براشر اور کپتانِ ول سدرلینڈ کو آؤٹ کر دیا۔ فیصل اکرم نے کیلا پوٹھا کی وکٹ حاصل کی تو رینی گیڈز کا اسکور 5 وکٹوں پر 51 رنز تھا۔

60 رنز تک پہنچنے پر اس کی مزید دو وکٹیں گر گئی تھیں اور جب اس کی نویں وکٹ گری تو اسکور 83 رنز تھا اور آخری اوور میں اسے جیت کے لیے 11 رنز درکار تھے لیکن احمد خان نے آخری اوور کی چوتھی گیند پر میتھیو فوٹیا کو بارہ رنز پر بولڈ کر کے شاہینز کو ڈرامائی کامیابی سے ہمکنار کر دیا۔
پاکستان شاہینز کی طرف سے علی اسفند اور عرفات منہاس نے شاندار بولنگ کرتے ہوئے بالترتیب آٹھ اور پندرہ رنز کے عوض تین تین وکٹیں حاصل کیں۔

پاکستان شاہینز اپنا چوتھا میچ بدھ کے روز میلبرن اسٹارز خلاف کھیلے گی۔

مختصر اسکور۔

پاکستان شاہینز 93 رنز (5۔18 اوورز)۔ شاویز عرفان 34۔ روو انتھا کیلا پوٹھا 15/3 وکٹ۔ ٹام راجرز 18/2 وکٹ۔ فرگوس اونیل 21/2 وکٹ۔

میلبرن رینی گیڈز 85 رنز (19 اعشاریہ 4 اوورز) ڈائلن براشر 19۔ علی اسفند 8/3 وکٹ عرفات منہاس 15/3 وکٹ۔

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners
Broadcast & Live Streaming Partners
Pathway Cricket Programme
PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4
pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficia